اسلامک کوئز سیریز




# تحریک ختم نبوت کوئز



7 ساتویں جماعت

محمد عثمان عارف

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

# پیش لفظ

تعلیمی اداروں کے مقاصد میں سے میں سے ایک یہ بھی ہے کہ اپنے فارغ التحصیل طلباء میں دورِ جدید میں درپیش چیلنجز کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت پیدا کرے۔ خصوصاً عصرِ حاضر کے پُرفتن دور میں اس کی ضرورت دو چند ہوگئی ہے۔ اس مقصد کو حاصل کرنے کا ایک آسان اور دلچسپ طریقہ بذریعہ سوال و جواب انھیں اہم معلومات بہم پہنچانا بھی ہے۔ زیرِ نظر کتابچہ اس مقصد کو مدّ نظر رکھتے ہوئے خاص اسلوب میں ترتیب دیا گیا ہے۔

امید ہے کہ یہ کوشش طلباء کی ذہنی صلاحیتوں کو جلا بخشنے اور انھیں پیش آمدہ فتنوں کا سامنا کرنے کے قابل بنانے میں مددگار ثابت ہوگی۔


ٹائیٹل ڈیزائننگ : ---------- محمد صفت الٰہی


ڈیزائننگ : ---------- محمد احمد/حسان عزیز

پروف ریڈنگ : ---------- ام احسن

اشاعت : ---------- چہارم

ناشر : ---------- اساس انسٹیٹیوٹ

پبلشرز اینڈ ڈسٹری بیوٹرز


بسم الله الرحمن الرحيم

# فہرست مضامین

تحریک ختم نبوت کوئز

ساتویں جماعت


| | | |
|---|---|---|
| موضوع \| 01 | تحریک ختمِ نبوت | 05 |

- مختصر سوالات ______ 06
- کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's) ______ 13

| | | |
|---|---|---|
| موضوع \| 02 | محبت مابین صحابہ کرام و اہل بیت رضی اللہ عنہم | 20 |

- مختصر سوالات ______ 21
- کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's) ______ 28

موضوع

# 01

# تحریک ختمِ نبوت

**اس سبق میں آپ جانیں گے :**

1. تحریک کے متعلق بنیادی معلومات
2. پاکستان میں چلنے والی اہم تحریکیں اور ان کے مقاصد
3. تحریک ختم نبوت پاکستان مقاصد اور خصوصیات
4. قادیانی اعتراضات اور ان کے جوابات

موضوع

# 01 تحریکِ ختم نبوت

## مختصر سوالات

**سوال نمبر01** | تحریک کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** کسی ملک،صوبے یا شہر کے لوگوں کی کسی خاص مقصد کے حصول کے لیے اجتماعی سطح پر جدوجہد کی عملی شکل کو تحریک کہتے ہیں۔

**سوال نمبر02** | تحریک کیوں چلائی جاتی ہے؟

**جواب:** اپنے جائز اور ضروری مطالبات یا مقاصد کو عملی طور پر پورا کروانے کے لیے تحریک چلائی جاتی ہے۔

**سوال نمبر03** | تحریک کیسے چلائی جاتی ہے؟

**جواب:** تحریک چلانے کے لیے معاشرے میں موجود تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی ذہن سازی کر کے اپنے مقاصد کے حصول کی کوشش اور جدوجہد میں شامل کیا جاتا ہے۔

**سوال نمبر04** | تحریک کون لوگ چلاتے ہیں؟

**جواب:** ایسے لوگ جو تحریک کے مقاصد کے لیے اپنی زندگی یا زندگی کا ایک بڑا حصہ وقف کر چکے ہوں، تحریک چلاتے ہیں۔

**سوال نمبر05** | تحریک میں کون لوگ شامل ہوتے ہیں؟

**جواب:** تحریک میں امیر وغریب کی تفریق کے بغیر ہر شعبۂ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد شامل ہوتے ہیں۔

۞ **سوال نمبر 06 |** کیا تحریک کا مقصد دنیاوی فوائد کا حصول ہوتا ہے؟

**جواب:** ہر تحریک کا مقصد دنیاوی فوائد کا حصول نہیں ہوتا۔ بعض تحریکیں خالصتاً مذہبی تبلیغ یا دفاع کے لیے چلائی جاتی ہیں۔

۞ **سوال نمبر 07 |** تحریک چلانے کے لیے کن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے؟

**جواب:** تحریک چلانے کے لیے باصلاحیت، مخلص اور پر اعتماد قیادت کے علاوہ متحرک اور معتمد کارکنان کی ضرورت ہوتی ہے۔

۞ **سوال نمبر 08 |** تحریک کی ناکامی کی کیا وجوہات ہو سکتی ہیں؟

**جواب:** جب تحریک چلانے والے اللہ کی مدد اور نصرت پہ بھروسہ کرنے کی بجائے اپنی طاقت اور افرادی قوت کے زعم میں مبتلا ہو جاتے ہیں تو ان کی چلائی گئی تحریکیں ناکامی سے دوچار ہو جاتی ہیں۔

۞ **سوال نمبر 09 |** تحریک کامیاب کیسے بنتی ہے؟

**جواب:** جب تحریک کے قائدین اور کارکنان ظاہری اسباب پہ تکیہ کرنے کے ساتھ ساتھ اللہ کی مدد اور نصرت پہ بھروسہ تو اس صورت میں تحریکیں کامیاب ہو جاتی ہیں۔

۞ **سوال نمبر 10 |** تحریک کی کامیابی سے کیا فائدے حاصل ہوتے ہیں؟

**جواب:** تحریک کی کامیابی کا سب سے بڑا فائدہ ان مقاصد کا حصول ہے۔ جن کی خاطر یہ تحریک چلائی گئی۔ تحریک میں شامل کارکنان کا جوش و جذبہ اس صورت حال میں مزید بڑھ جاتا ہے۔

۞ **سوال نمبر 11 |** تحریک کی ناکامی سے کیا نقصانات ہوتے ہیں؟

**جواب:** عام کارکنان کا اپنی قیادت سے اعتماد اٹھ جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے تحریک کو نئے سرے سے چلانا یا اسے تقویت پہنچانا دشوار ہو جاتا ہے۔

۞ **سوال نمبر 12 |** پاکستان میں کس قسم کی تحریکیں چلائی گئی ہیں؟

**جواب:** پاکستان میں مختلف ادوار میں مختلف قسم کی سیاسی اور دینی تحریکیں چلائی گئی ہیں۔

۞ **سوال نمبر 13 |** کیا پاکستان میں چلائی گئی تمام تحریکیں کامیاب ہوئیں؟

**جواب:** نہیں، پاکستان میں چلائی گئی تمام تحریکیں کامیاب نہیں ہو سکیں۔

۞ **سوال نمبر 14 |** پاکستان میں بڑی مذہبی تحریکیں کون کون سی ہیں اور کب کب چلائی گئیں؟

**جواب:** سنہ 1953ء، 1974ء، 1984ء میں چلائی گئی تحریکیں پاکستان کی تاریخ کی بڑی تحریکیں تھیں۔

۞ **سوال نمبر 15 |** 1953ء کی تحریک کس کے خلاف چلائی گئی تھیں؟

**جواب:** 1953ء کی تحریک، ختم نبوت کی تحریک تھی جو قادیانیوں کے خلاف چلائی گئی تھی۔

۞ **سوال نمبر 16 |** 1953ء کی تحریک ختم نبوت کا آغاز کس واقعے کی بنیاد پہ ہوا؟

**جواب:** جب مرزا قادیانی کے بیٹے نے اپنی تقریر میں بلوچستان کو احمدی صوبہ بنانے کا اعلان کیا نیز قادیانیوں نے کراچی شہر میں اہم تقریب کا انعقاد کیا تو اس کے ردّعمل کے طور پر اس تحریک کا آغاز کیا گیا۔

۞ **سوال نمبر 17 |** 1953ء کی تحریک ختم نبوت کا آغاز کس شہر سے ہوا؟

**جواب:** 1953ء کی تحریک ختم نبوت کا آغاز کراچی شہر سے ہوا۔

۞ **سوال نمبر 18 |** 1953ء کی تحریک ختم نبوت کے مقاصد کیا تھے؟

**جواب:** اس تحریک کے تین بنیادی مقاصد تھے۔

**01** | قادیانیوں کو کلیدی عہدوں سے ہٹایا جائے۔

**02** | قادیانیوں کو کافر قرار دیا جائے۔

**03** | وزیر خارجہ چوہدری ظفر اللہ خان قادیانی کو عہدے سے ہٹایا جائے۔

۞ **سوال نمبر 19 |** 1953ء کی تحریک ختم نبوت چلانے والوں میں بڑے نام کون کون سے تھے؟

**جواب:** **01** | مولانا عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ **02** | ابوالحسنات قادری رحمۃ اللہ علیہ

**03** | مولانا ظفر علی خان رحمۃ اللہ علیہ **04** | مولانا مودودی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

۞ **سوال نمبر 20 |** 1953ء کی تحریک ختم نبوت میں کون لوگ شامل ہوئے؟

**جواب:** 1953ء کی تحریک ختم نبوت میں ہر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے لوگ بنا کسی تفریق کے شامل ہوئے۔

۞ **سوال نمبر 21 |** 1953ء کی تحریک ختم نبوت میں کس کس مسلک اور علاقے کے لوگ شامل ہوئے؟

**جواب:** 1953ء کی تحریک ختم نبوت میں پاکستان میں موجود سبھی مسالک اور علاقوں کے عوام نے شرکت کی۔

۞ **سوال نمبر 22** | 1953ء کی تحریک ختم نبوت کا اختتام کیسے ہوا؟

**جواب:** 1953ء کی تحریک ختم نبوت میں حکومت نے تمام قیادت کو جیل بھجوا دیا۔ عوام کا قتل عام کیا اور یوں اس تحریک کو بری طرح کچلنے کی بھرپور کوشش کی۔

۞ **سوال نمبر 23** | 1953ء کی تحریک ختم نبوت میں اپنی جانیں قربان کرنے والے پاکستانی مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

**جواب:** 1953ء کی تحریک ختم نبوت میں تقریباً 16000 پاکستانی مسلمانوں نے اپنی جانیں قربان کیں اور ایک لاکھ کے لگ بھگ لوگوں کو جیل بھیج دیا گیا۔

۞ **سوال نمبر 24** | 1953ء کی تحریک ختم نبوت میں صرف لاہور شہر میں کتنے مسلمان شہید ہوئے؟

**جواب:** 1953ء کی تحریک ختم نبوت میں لاہور شہر میں تقریباً 10,000 مسلمانوں نے شہادتیں پیش کیں۔

۞ **سوال نمبر 25** | 1953ء کی تحریک ختم نبوت کے ناکام ہونے کی وجوہات کیا تھیں؟

**جواب:** حکومت نے پرامن تحریک کو ناکام بنانے کے لیے تشدد اور ظلم کا راستہ اختیار کیا جس کی وجہ سے یہ تحریک کامیاب نہ ہو سکی۔

۞ **سوال نمبر 26** | 1953ء کی تحریک ختم نبوت میں پاکستان کا وزیر اعظم کون تھا اور اس نے تحریک کے مطالبات کے جواب میں کیا کہا تھا؟

**جواب:** اس وقت پاکستان کے وزیر اعظم خواجہ ناظم الدین تھے۔ قادیانیوں کو کافر قرار دینے کے حوالے سے انہوں نے کہا۔ کہ ”اگر ہم نے یہ کام کیا تو امریکہ ہماری گندم روک لے گا۔“

۞ **سوال نمبر 27** | 1974ء کی تحریک ختم نبوت کا آغاز کس وجہ سے ہوا؟

**جواب:** جب قادیانیوں نے نشتر میڈیکل کالج کے طلبہ کو ربوہ ریلوے اسٹیشن پر تشدد کا نشانہ بنایا تو پورے پاکستان کے مسلمان سراپا احتجاج بن گئے اور یوں اس تحریک کا آغاز ہوا۔

۞ **سوال نمبر 28** | 1974ء کی تحریک ختم نبوت کا آغاز کہاں سے ہوا؟

**جواب:** 1974 کی تحریک ختم نبوت کا آغاز ملتان شہر سے ہوا۔

۞ **سوال نمبر29** | 1974ء کی تحریک ختم نبوت کے مقاصد کیا تھے؟

**جواب:** قادیانیوں کو کافر قرار دینا اس تحریک کا بنیادی مقصد تھا۔

۞ **سوال نمبر30** | 1974ء کی تحریک ختم نبوت میں کس شہر کے لوگوں نے شرکت کی؟

**جواب:** اس تحریک میں بھی پورے پاکستان سے عوام نے بھرپور شرکت کی۔

۞ **سوال نمبر31** | 1974ء کی تحریک ختم نبوت میں کن مسالک کے علماء اور عوام نے شرکت کی؟

**جواب:** اس تحریک میں پاکستان میں موجود تمام مکاتب فکر اور مسالک کے عوام وخواص نے شرکت کی۔

۞ **سوال نمبر32** | 1974ء کی تحریک ختم نبوت کو چلانے والے بڑے نام کون سے ہیں؟

**جواب:** **01** | مولانا یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ  **02** | مفتی محمود رحمۃ اللہ علیہ

**03** | مولانا عبدالستار خان نیازی رحمۃ اللہ علیہ  **04** | مولانا شاہ احمد نورانی رحمۃ اللہ علیہ

**05** | مولانا عبدالقادر روپڑی رحمۃ اللہ علیہ

۞ **سوال نمبر33** | 1974ء کی تحریک ختم نبوت کی کامیابی کی کیا وجوہات ہیں؟

**جواب:** اس تحریک کی کامیابی کے چند بنیادی اسباب یہ ہیں:

**01** | یہ تحریک پر امن تھی (کیونکہ حکومت نے تشدد کا راستہ اختیار نہیں کیا)۔

**02** | پاکستان کے تمام مسالک اور مکاتب کے علماء کرام نے اس تحریک میں شرکت کی۔

**03** | اس تحریک میں تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے شرکت کی۔

۞ **سوال نمبر34** | 1974ء کی تحریک ختم نبوت سے کون کون سے مقاصد حاصل کیے گئے؟

**جواب:** اس تحریک میں قادیانیوں کو کافر اور غیر مسلم اقلیت قرار دیا گیا اور یہی تحریک کا بنیادی مقصد تھا۔

۞ **سوال نمبر35** | 1974ء کی تحریک ختم نبوت کی وجہ سے قومی اسمبلی میں حکومت کی طرف قادنیوں سے کس نے بحث کی؟

**جواب:** قومی اسمبلی میں حکومت کی طرف سے قادیانیوں سے بحث (جرح) اٹارنی جنرل یحییٰ بختیار نے کی۔

**سوال نمبر36** | 1984ء کی تحریک ختم نبوت کس کے دور حکومت میں شروع ہوئی؟

**جواب:** 1984ء کی تحریک ختم نبوت جنرل ضیاء الحق کے دور میں شروع ہوئی۔

**سوال نمبر37** | 1984ء کی تحریک ختم نبوت کے آغاز کی وجہ کیا تھی؟

**جواب:** قادیانیوں نے ایک مسلمان عالم دین کو اغوا کر لیا تھا قادیانیوں کا یہی عمل اس تحریک کے آغاز کی وجہ بنا تھا۔

**سوال نمبر38** | 1984ء کی تحریک ختم نبوت کے مقاصد کیا تھے؟

**جواب:** اس تحریک کے درج ذیل مقاصد تھے۔

**01** | قادیانیوں کو شعائر اسلامی کے استعمال سے روکنا۔

**02** | قادیانیوں کو شعائر اسلامی استعمال کرنے سے روکنے کیلئے قانون سازی کرنا۔

**03** | مسلمان عالم دین کو اغواء کرنے والے قادیانیوں کو قانون کے مطابق سزا دلوانا۔

**سوال نمبر 39** | 1984ء کی تحریک ختم نبوت کا آغاز کس شہر سے ہوا؟

**جواب:** اس تحریک کا آغاز پاکستان کے شہر سیالکوٹ سے ہوا۔

**سوال نمبر 40** | 1984ء کی تحریک ختم نبوت کی کامیابی کے اسباب کیا تھے؟

**جواب:** اس تحریک کی کامیابی کے چند بنیادی اسباب یہ تھے۔

**01** | اتحاد امت۔ **02** | قادیانی مظالم کا عوام الناس پر ظاہر ہو جانا۔

**03** | قادیانیوں کے شعائر اسلامی کے استعمال کے ذریعے مسلمانوں کو گمراہ کرنے کے واقعات۔

**سوال نمبر41** | اس قانون کے بننے کے بعد قادیانیوں نے پاکستان کو کیا نقصان پہنچایا؟

**جواب:** قادیانیوں نے پاکستان کو عالمی برادری میں بدنام کرنے کے لیے یہ شور مچایا کہ پاکستان میں اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ نہیں ہے۔

**سوال نمبر 42** | 298-B اور 298-C یا امتناع قادیانیت آرڈیننس اس قانون کو بنیاد بنا کر قادیانی پوری دنیا میں کیا واویلا کرتے ہیں؟

**جواب:** قادیانی اس قانون کو بنیاد بنا کر پوری دنیا میں یہ شور مچاتے ہیں کہ پاکستان میں ہمیں اپنے مذہب پہ عمل کرنے کا بنیادی حق بھی حاصل نہیں ہے۔

۞ **سوال نمبر 43** | قادیانی مذکورہ قوانین پہ قادیانیوں کو کیا اعتراض ہے؟

**جواب:** قادیانیوں کے مطابق یہ قانون ان کے بنیادی حقوق پہ ڈاکہ ہے۔ کیونکہ اس قانون کی وجہ سے وہ اپنے مذہب کی تبلیغ کر سکتے ہیں نہ خود کو مسلمان کہلوا سکتے ہیں۔

۞ **سوال نمبر 44** | کیا قادیانیوں کے مذکورہ اعتراضات درست ہیں؟

**جواب:** نہیں، قادیانیوں کے اس قانون پہ کیے گئے تمام اعتراضات غلط ہیں کیونکہ قادیانیوں کو اجازت ہے کہ وہ اپنی جداگانہ مذہبی پہچان کے ساتھ اپنی عبادت گاہوں میں آزادی سے عبادت کر سکتے ہیں۔

۞ **سوال نمبر 45** | کیا قادیانی خود کو غیر مسلم اقلیت تسلیم کرتے ہیں؟

**جواب:** نہیں، قادیانی خود کو غیر مسلم اقلیت تسلیم نہیں کرتے۔

۞ **سوال نمبر 46** | کیا پاکستان میں قادیانیوں کے حقوق غصب ہوتے ہیں؟

**جواب:** پاکستان میں قادیانیوں کا کوئی بھی حق غصب نہیں کیا جاتا بلکہ انہیں قانون کے دائرے میں رہ کر اپنی سرگرمیاں جاری رکھنے کی اجازت ہے۔

۞ **سوال نمبر 47** | کیا قادیانی پاکستان کے آئین اور قانون کو تسلیم کرتے ہیں؟

**جواب:** قادیانی 1974ء کی آئینی قرارداد اور 1984ء کے امتناعِ قادیانیت آرڈیننس کو تسلیم نہیں کرتے بلکہ وہ ان قوانین کو ختم کرنے کی بھرپور کوشش کر رہے ہیں۔

۞ **سوال نمبر 48** | کیا قادیانی پاکستان کے ساتھ مخلص ہیں؟

**جواب:** قادیانی اسلام، پیغمبر اسلام، مسلمان اور پاکستان سب کے دشمن اور غدار ہیں۔

# موضوع 01

# تحریکِ ختم نبوت

## کثیر الانتخابی سوالات

۞ **سوال نمبر 01 |** تحریک کسے کہتے ہیں؟

- ☑ **کسی بھی علاقے یا خطے میں لوگوں کا کسی خاص مقصد کے حصول کے لیے اجتماعی طور پر عملی میدان میں آنا۔**
- ■ کسی بھی علاقے یا خطے میں بہت سے لوگوں کا سڑکوں پر احتجاج کے لیے نکلنا۔
- ■ کسی بھی علاقے یا خطے میں بہت سے لوگوں کا ہڑتال کرنا۔
- ■ تمام جوابات درست ہیں۔

۞ **سوال نمبر 02 |** تحریک کیوں چلائی جاتی ہے؟

- ☑ **اپنے جائز اور ضروری مطالبات منوانے کے لیے**
- ■ اپنے ناجائز مطالبات منوانے کے لیے
- ■ اپنے غیر ضروری مطالبات منوانے کے لیے
- ■ ذاتی مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے

۞ **سوال نمبر 03 |** تحریک کیسے چلائی جاتی ہے؟

- ■ معاشرے کے ہر طبقے کے لوگوں کی ذہن سازی کے ذریعے
- ■ تمام لوگوں کو اپنے مقصد کے حصول کی کوشش اور جدوجہد میں شامل کر کے
- ■ نعرے اور احتجاج کر کے
- ☑ **پہلے دونوں**

۞ **سوال نمبر 04** | تحریک میں کون لوگ شامل ہوتے ہیں؟

■ امیر ■ غریب ■ سیاستدان ☑ **ہر طبقے کے لوگ**

۞ **سوال نمبر 05** | تحریک چلانے کے لیے کن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے؟

■ باصلاحیت، مخلص اور پر اعتماد ■ مخلص اور جوشیلے کارکن

■ متحرک اور معتمد کارکنان ☑ **1 اور 3**

۞ **سوال نمبر 06** | تحریک کامیاب کیسے ہوتی ہے؟

■ اگر شریعت کے اصول وضوابط کے مطابق تحریک چلائی جائے

■ قیادت اور عام کارکنان تمام ظاہری اسباب کو مدنظر رکھیں۔

■ نظر اللہ پاک کی ذات پر ہو

☑ **تمام جوابات درست ہیں**

۞ **سوال نمبر 07** | تحریک ناکام کیسے ہوتی ہے؟

■ اگر ظاہری اسباب پر اعتماد ہو ■ اپنی ذات اور طاقت پر بھروسہ ہو

■ کارکن قابل بھروسہ ہوں ☑ **1 اور 2**

۞ **سوال نمبر 08** | پاکستان میں کس قسم کی تحریکیں چلائی گئی ہیں؟

■ محض سیاسی تحریکیں ■ محض مذہبی تحریکیں

☑ **مذہبی وسیاسی تحریکیں** ■ کوئی تحریک نہیں چلائی گئی

۞ **سوال نمبر 09** | 1953ء کی تحریک کون سی تھی؟

☑ **مذہبی تحریک** ■ سیاسی تحریک ■ اقتصادی تحری ■ مذہبی وسیاسی دونوں

۞ **سوال نمبر 10** | 1953ء کی تحریک کن کے خلاف تھی؟

■ سیاستدانوں کے ■ حکومت کے

■ ہندوؤں کے ☑ **قادیانیوں کے**

**سوال نمبر 11** | 1953ء کی تحریک کا نام کیا تھا؟

- ☑ **تحریک ختم نبوت**
- ■ تحریک نظام مصطفی
- ■ تحریک حقوق نسواں
- ■ تحریک بحالی جمہوریت

**سوال نمبر 12** | قادیانیوں نے کس صوبے کو احمدی صوبہ بنانے کا اعلان کیا تھا؟

- ■ صوبہ پنجاب
- ☑ **صوبہ بلوچستان**
- ■ صوبہ خیبر پختونخواہ
- ■ صوبہ سندھ

**سوال نمبر 13** | 1953ء کی تحریک ختم نبوت کا آغاز کس شہر سے ہوا؟

- ■ لاہور
- ■ فیصل آباد
- ☑ **کراچی**
- ■ پشاور

**سوال نمبر 14** | 1953ء کی تحریک ختم نبوت کے مقاصد کیا تھے؟

- ■ قادیانیوں کو کلیدی عہدوں سے ہٹانا۔
- ■ سر ظفر اللہ خان کی برطرفی
- ■ قادیانیوں کو کافر قرار دینا۔
- ☑ **تمام جوابات درست ہیں۔**

**سوال نمبر 15** | 1953ء کی تحریک ختم نبوت میں کس کس مسلک اور علاقے کے لوگ شامل تھے؟

- ■ دیوبندی بریلوی
- ■ سبھی مسالک اور کراچی
- ■ کراچی لاہور
- ☑ **سبھی مسالک اور شہر**

**سوال نمبر 16** | 1953ء کی تحریک ختم نبوت کی ناکامی کی وجوہات کیا تھیں؟

- ■ لوگوں کی شرکت کم تھی
- ■ تحریک پرامن نہ تھی
- ■ تحریک ذاتی مقاصد کے لیے برپا کی گئی
- ☑ **حکومت نے ظلم اور تشدد کا راستہ اختیار کیا**

**سوال نمبر 17** | 1953ء کی تحریک ختم نبوت میں پورے پاکستان میں کتنے مسلمان شہید ہوئے؟

- ■ 15 ہزار
- ☑ **16 ہزار**
- ■ 17 ہزار
- ■ 18 ہزار

**سوال نمبر 18** | 1953ء کی تحریک ختم نبوت کے دوران لاہور شہر میں کتنے لوگ شہید ہوئے؟

- ■ 3 ہزار
- ■ 5 ہزار
- ☑ **10 ہزار**
- ■ 12 ہزار

۞ **سوال نمبر 19** | 1953ء کی تحریک ختم نبوت کے دوران پاکستان کا وزیر اعظم کون تھا؟

☑ **خواجہ ناظم الدین** ■ سکندر مرزا

■ ذوالفقار علی بھٹو ■ لیاقت علی خان

۞ **سوال نمبر 20** | 1953ء کی تحریک ختم نبوت کے دوران وزیر اعظم پاکستان نے کس بڑے ملک کے بارے میں یہ کہا تھا کہ اگر ہم نے ختم نبوت کا قانون پاس کیا تو وہ ہماری گندم روک لے گا؟

■ انڈیا ■ روس ■ برطانیہ ☑ **امریکہ**

۞ **سوال نمبر 21** | 1974ء کی تحریک ختم نبوت کا آغاز کس شہر سے ہوا؟

☑ **ملتان** ■ کراچی ■ فیصل آباد ■ سیالکوٹ

۞ **سوال نمبر 22** | 1974ء میں قادیانیوں نے ربوہ ریلوے اسٹیشن پر کس کالج کے طلباء کو تشدد کا نشانہ بنایا؟

■ ایوب میڈیکل کالج ☑ **نشتر میڈیکل کالج**

■ کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج ■ علامہ اقبال میڈیکل کالج

۞ **سوال نمبر 23** | 1974ء کی تحریک ختم نبوت کی کامیابی کی وجوہات کیا تھیں؟

■ تحریک کا تادم آخر پرامن رہنا ■ سیاست دانوں کی ذہن سازی

■ تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی شرکت ☑ **تمام جوابات درست ہیں**

۞ **سوال نمبر 24** | 1974ء کی تحریک ختم نبوت کی شرکت کے موقع پر قومی اسمبلی میں حکومت کی طرف سے قادیانیوں سے بحث کرنے کے لیے کون مقرر تھے؟

☑ **اٹارنی جنرل یحییٰ بختیار** ■ عبدالحفیظ پیرزادہ

■ عبدالستار نیازی ■ مفتی محمود

۞ **سوال نمبر 25** | 1974ء کی تحریک ختم نبوت میں آئین پاکستان میں کیا آئینی ترمیم کی گئی؟

☑ **قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دیا گیا** ■ تحریک چلانے پر پابندی لگادی گئی

■ قادیانیوں کو تبلیغ کرنے کی اجازت دی گئی ■ قادیانیوں کو گرفتار کرنے کا حکم دیا گیا

**سوال نمبر 26** | 1984ء کی تحریک ختم نبوت کس کے دورِ حکومت میں شروع ہوئی؟

☑ **جنرل ضیاء الحق** ■ بینظیر بھٹو ■ ذوالفقار علی بھٹو ■ جنرل یحیٰ خان

**سوال نمبر 27** | 1984ء کی تحریک ختم نبوت کا آغاز کس شہر سے ہوا؟

■ لاہور ☑ **سیالکوٹ** ■ کوئٹہ ■ کراچی

**سوال نمبر 28** | 1984ء کی تحریک ختم نبوت کے مقاصد کیا تھے؟

■ قادیانیوں کو شعائر اسلام کے استعمال سے روکا روکنا

■ قادیانیوں کو شعائر اسلام سے روکنے کے لیے قانون سازی کی جائے۔

■ مسلمان عالم دین کو اغوا کرنے والے قادیانیوں کو قانون کے مطابق سزا دلوانا۔

☑ **تمام جوابات درست ہیں۔**

**سوال نمبر 29** | 1984ء کی تحریک ختم نبوت کی کامیابی کے اسباب کیا تھے؟

■ اتحادِ امت

■ قادیانیوں کے شعائر اسلام کے استعمال کے ذریعے لوگوں کو گمراہ کرنے کے واقعات سے عوام الناس کا باخبر ہونا

■ قادیانی مظالم کا عوام کے سامنے ظاہر ہو جانا ☑ **تمام جوابات درست ہیں۔**

**سوال نمبر 30** | قادیانیوں کے نزدیک آئین پاکستان کی کیا اہمیت ہے؟

■ آئین کو تسلیم ہی نہیں کرتے۔ ■ آئین کے خلاف سازشیں کرتے ہیں۔

■ آئین میں ختم نبوت کے قوانین کو ختم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

☑ **تمام جوابات درست ہیں۔**

موضوع

# 02

# محبت مابین صحابہ کرام رضی اللہ عنہم و اہل بیت

**اس سبق میں آپ جانیں گے :**

1. اہلِ بیت کی تعریف
2. صحابہ کرام اور اہلِ بیت کا باہمی تعلق
3. صحابہ کرام اور اہلِ بیت کی باہمی قرابت داری
4. خلفائے راشدین کی اہلِ بیت سے قرابت داری اور تعلق
5. سیرتِ صحابہ اور سیرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا باہمی تعلق

موضوع

# 02

# محبت مابین صحابہ کرام رضی اللہ عنہم و اہلبیت

## مختصر سوالات

**سوال نمبر 01 |** اللہ تعالیٰ نے کس گروہِ انسانیت کو تمام انسانیت کے لیے معیار قرار دیا؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام علیہم الرضوان کی جماعت کو تمام انسانیت کے لیے ایمان وعمل کی کسوٹی قرار دیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"آمنوا کما آمن الناس"

**ترجمہ: ''تم ایمان لاؤ جیسے صحابہ ایمان لائے۔''**

**سوال نمبر 02 |** جب مشرکین مکہ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مطالبہ کیا کہ آپ اپنے اصحاب کو خود سے دور کریں گے تو ہی ہم آپ کی بات سنیں گے تو اللہ تعالیٰ نے اس موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کیا ہدایت فرمائی؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ کو مشرکین کا یہ مطالبہ پسند نہیں آیا لہٰذا نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ہدایت فرمائی کہ اپنے اصحاب کو خود سے الگ نہ کیجیے گا۔

**ترجمہ: ''آپ ان لوگوں کو خود سے دور نہ کیجیے جو اپنے رب کو پکارتے ہیں۔''**

**سوال نمبر 03 |** صحابہ کرام حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کس قدر محبت کرتے تھے؟

**جواب:** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اپنی جان سے بھی زیادہ محبت کرتے تھے اس بات کا ایک عملی ثبوت غزوہ بدر کے موقعہ پر ملتا ہے۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کفار سے جنگ کے بارے میں صحابہ سے مشورہ کیا تو صحابہ کرام نے جواب میں فرمایا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم نے آپ کے دست مبارک پر بیعت کی ہے آپ

جب اور جہاں حکم فرمائیں گے ہمیں قربان ہونے کے لیے تیار پائیں گے۔ خدا کی قسم اگر آپ حکم فرمائیں تو ہم اپنے گھوڑے سمندر میں ڈال دیں گے۔

**سوال نمبر04 |** موافقات صحابہ کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی وہ آراء یا اعمال جن کی تائید وحی خداوندی کے ذریعے کی گئی، موافقاتِ صحابہ کہلاتے ہیں۔

**سوال نمبر05 |** صحابہ کے مشورے کے موافق کتنی آیات نازل ہوئیں؟

**جواب:** صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے مشوروں کی موافقت میں متعدد آیات نازل ہوئیں۔ صرف حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی سیرت مبارکہ میں اس کی تقریباً 20 مثالیں ملتی ہیں۔

**سوال نمبر 06 |** بیعت رضوان کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عمرہ کے ارادہ سے مکہ روانہ ہوئے تو مکہ میں داخل ہونے سے پہلے آپ نے مکہ والوں سے مذاکرات کے لیے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو بھیجا کفار نے آپ رضی اللہ عنہ کو گرفتار کر لیا اور لوگوں میں یہ خبر مشہور ہو گئی کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ شہید کر دیئے گئے ہیں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا بدلہ لینے کے لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ سے جان نثاری کی بیعت لی جس کو بیعت رضوان کہتے ہیں۔

**سوال نمبر07 |** بیعت رضوان میں شامل ہونے والوں سے متعلق اللہ تعالیٰ نے کیا ارشاد فرمایا؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے واقعہ بیعتِ رضوان کا قرآنِ مجید میں پوری صراحت سے ذکر کیا ہے اور اس میں حصہ لینے والوں سے متعلق فرمایا ہے۔

**"بلاشبہ اللہ تعالیٰ ان مسلمانوں سے خوش ہوا جب کہ وہ درخت کے نیچے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیعت کر رہے تھے۔"**

**سوال نمبر 08 |** بیعت رضوان میں شامل صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی کیا فضیلت ہے؟

**جواب:** بیعت رضوان میں شامل صحابہ کرام کو بے حد فضیلت حاصل ہے بظاہر یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھ پر بیعت تھی لیکن اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا ہے کہ اصل میں یہ دست خدا پر بیعت ہے۔ اور فرمایا:

**"ید اللہ فوق ایدیھم"**

**ترجمہ: "ان کے ہاتھ پر اللہ کا ہاتھ تھا۔"**

**سوال نمبر 09 |** نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کی خبر پہنچی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جذبات کیا تھے؟

**جواب:** حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کی خبر سن کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بہت غمگین ہوئے اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو اکٹھا کر کے فرمایا: **عثمان رضی اللہ عنہ کے خون کا قصاص لینا ہم پہ فرض ہے** پھر آپ نے تمام صحابہ رضی اللہ عنہم سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے لیے جان نچھاور کرنے کی بیعت لی۔

**سوال نمبر 10 |** بئر معونہ کا واقعہ کیا ہے؟

**جواب:** عرب میں بنو سلیم نامی ایک بڑا قبیلہ آباد تھا ان کے سردار نے قبیلے کو دعوتِ اسلام دینے کے لیے منتخب اصحاب کو بھجوانے کی درخواست کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے 70 قراء کرام کا دستہ اس غرض سے ان کی طرف بھیجا یہ پاک جماعت بئر معونہ پہنچی تو قبیلہ والوں نے صحابہ کرام کو بے دردی سے شہید کر دیا۔

**سوال نمبر 11 |** نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بئر معونہ کے شہداء کی خبر کیسے پہنچی؟

**جواب:** شہداء بئر معونہ نے شہادت سے پہلے یہ پیغام دیا تھا کہ ہماری قوم تک خبر پہنچا دو کہ ہم اپنے رب سے ملے اور وہ ہم سے خوش ہو گیا، دراصل اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کے ذریعے اس دردناک واقعہ کی اطلاع اور شہداء کا پیغام آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہنچایا تھا۔

**سوال نمبر 12 |** نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بئر معونہ کے واقعہ سے کس قدر صدمہ ہوا؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے اصحاب سے بے انتہا محبت تھی اِسی وجہ سے جب اس دلخراش واقعے کی اطلاع آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بے انتہا غمگین ہوئے بقول حضرت انس رضی اللہ عنہ کے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اتنا صدمہ پہلے کبھی نہ ہوا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک ماہ تک ان کفار کے لیے بددعا کرتے رہے۔

**سوال نمبر 13 |** اہم امور میں کس قسم کے افراد سے مشورہ کیا جاتا ہے؟

**جواب:** اہم امور میں، صاحب الرائے افراد سے مشورہ کیا جاتا ہے۔

**سوال نمبر 14 |** اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے معاملات میں کس سے مشورہ کرنے کی ہدایت فرمائی؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول برحق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو صحابہ کرام پر اعتماد کرنے اور اپنے معاملات میں ان سے مشورہ کرنے کی ہدایت فرمائی۔

"فاعف عنهم واستغفر لهم وشاورهم فی الامر"

ترجمہ: آپ ان سے درگزر فرمائیں، ان کے لیے دعا کیجئے اور اپنے معاملات میں ان سے مشاورت لیجیے۔

**سوال نمبر 15 |** **فداك أبي و اُمی** کا ترجمہ بیان کریں۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ الفاظ کس صحابی کے لیے ارشاد فرمائے؟

**جواب:** اس کا ترجمہ ہے: "میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔"

فرطِ محبت وجذبات میں صحابہ کرام عموماً یہ الفاظ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے کہا کرتے تھے۔ البتہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ الفاظ غزوہ اُحد کے موقعہ پر بہترین تیراندازی کرنے والے اپنے صحابی حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے لیے ارشاد فرمائے۔

**سوال نمبر 16 |** صحابہ کرام رضی اللہ عنہما کی جماعت اللہ تعالیٰ کے ہاں کس قدر محبوب تھی؟

**جواب:** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی جماعت کی تربیت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود کی تھی اسی لیے یہ اللہ تعالیٰ کو بہت محبوب تھی۔ اس کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ جب مشرکین مکہ کو صحابہ جیسا ایمان لانے کا کہا جاتا اور وہ جواب میں ان کی توہین کرتے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو برے القابات (بیوقوف جیسے الفاظ) سے پکارتے تھے تو اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں صحابہ کو صاف الفاظ میں بیوقوف کہنے والوں کو بیوقوف کہا اور صحابہ کی توہین ہرگز برداشت نہیں کی۔

**سوال نمبر 17 |** حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے بارے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا ارشاد فرمایا؟

**جواب:** نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آخری ایام میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے بارے میں ارشاد فرمایا: **"میں نے دنیا میں تمام لوگوں کے احسانات کا بدلہ دے دیا ہے لیکن ابوبکر کے احسانات کا بدلہ اللہ تعالیٰ خود دیں گے۔"**

**سوال نمبر 18 |** نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: **"اللہ تعالیٰ نے عمر کے دل اور زبان پر حق جاری کر دیا ہے۔ فاروق اس شخص کو کہتے ہیں جس کے ذریعے حق اور باطل کے درمیان فرق کیا گیا ہو۔"**

**سوال نمبر 19 |** نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عثمان غنی کے بارے میں ارشاد فرمایا: **کیا میں اس شخص سے حیا نہ کروں جس سے فرشتے بھی حیا کرتے ہیں۔**

۞ **سوال نمبر20** | غزوہ خیبر کے موقعہ پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعلق کیا ارشاد فرمایا؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ: **آج میں لشکر اسلام کا جھنڈا اس شخص کے ہاتھ میں دوں گا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے اور اللہ اور اس کے رسول اس شخص سے محبت کرتے ہیں۔ اللہ اس کے ذریعے مسلمانوں کو فتح عطا کرے گا۔**

۞ **سوال نمبر21** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں کیا دُعا فرمائی؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا فرمائی۔ **اے اللہ امیر معاویہ کو قرآن اور حساب کا علم سکھا اور اسے عذاب سے محفوظ رکھنا۔**

۞ **سوال نمبر 22** | خاندان اہل بیت اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا ایک دوسرے سے کیسا تعلق تھا؟

**جواب:** اہل بیت اور صحابہ کرام ایک دوسرے کے دوست اور قرابت دار تھے وہ ایک دوسرے سے شدید محبت رکھتے تھے۔

۞ **سوال نمبر23** | اہل بیت و اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کا کوئی واقعہ نقل کریں۔

**جواب:** اہل بیت و اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کے بے شمار واقعات سیرت کی کتابوں میں مذکور ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے نکاح کے موقع پر حضرت ابو بکر صدیق اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما نے بڑھ کر مالی تعاون کیا۔ اسی طرح جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ جب سفر پر جاتے تو اکثر اوقات حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنا نائب مقرر کرتے اور ان کی رائے کو باقی ساتھیوں کی رائے پر فوقیت دیتے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب بیت المال سے وظائف مقرر کرتے وقت سب سے زیادہ وظیفہ اہل بیت کا مقرر کیا تھا۔

۞ **سوال نمبر24** | حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شہادت پر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کیا ارشاد فرمایا؟

**جواب:** حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شہادت پر حضرت علی رضی اللہ عنہ رو پڑے۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ آپ کیوں رو رہے ہیں؟ تو فرمایا "میں عمر کی موت پر رو رہا ہوں۔ عمر کی موت نے اسلام میں وہ خلا پیدا کیا ہے جو قیامت تک پر نہ ہو سکے گا۔"

۞ **سوال نمبر25** | حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا رشتہ داری تھی؟

**جواب:** حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بہت قریبی رشتہ داری تھی۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی لاڈلی بیٹی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نکاح میں تھیں۔ اس طرح آپ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سسر تھے۔

**سوال نمبر26 |** حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کیا رشتہ داری تھی؟

**جواب:** حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے بیٹے کی پوتی اُم فروہ کا نکاح حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بیٹے کے پوتے امام باقر سے ہوا۔ اس نسبت سے ابوبکر صدیق امام جعفر الصادق کے رشتہ میں نانا تھے۔

**سوال نمبر27 |** حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا جنازہ کس نے پڑھایا؟

**جواب:** حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا جنازہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے پڑھایا۔

**سوال نمبر 28 |** حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کیا رشتہ داری تھی؟

**جواب:** حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی بیٹی حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کا نکاح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہوا تھا۔ اس لحاظ سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سسر تھے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بیٹی حضرت اُم کلثوم رضی اللہ عنہا (جو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے بطن سے تھیں) کا نکاح حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ہوا۔ اس لحاظ سے آپ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے داماد تھے۔

**سوال نمبر29 |** حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا رشتہ تھا؟

**جواب:** حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ کے نکاح میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دو بیٹیاں حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا اور حضرت اُم کلثوم رضی اللہ عنہا یکے بعد دیگرے آئیں۔ آپ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دوہرے داماد تھے۔

**سوال نمبر30 |** حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خاندان اہل بیت سے کیا رشتہ داری تھی؟

**جواب:** حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی اولاد کی نسل در نسل خاندان اہل بیت سے رشتہ داری رہی ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی پوتی فاطمہ بنت حسین کا نکاح حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پوتے عبداللہ بن عمرو بن عثمان سے ہوا۔ اسی طرح حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بھائی حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کی پوتی حضرت ام کلثوم کا نکاح حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے بیٹے حضرت ابان سے ہوا تھا۔

**سوال نمبر31 |** حضرت امامہ بنت ابی العاص کون تھیں اور ان کا نکاح کن سے ہوا؟

**جواب:** حضرت امامہ بنت ابی العاص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بڑی بیٹی حضرت زینب رضی اللہ عنہا کی سگی بیٹی تھی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ان کا نکاح حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی وفات کے بعد ہوا تھا۔

**سوال نمبر 32 |** خاندان اہل بیت کا حضرات صحابہ کرام سے کیسا تعلق تھا؟

**جواب:** خاندان اہل بیت تمام صحابہ کرام سے بہت محبت کرتے تھے۔ یہی وجہ تھی کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور ان کے بیٹے حسن و حسین رضی اللہ عنہم نے اپنی اولادوں کے نام امہات المومنین خلفائے راشدین اور دیگر صحابہ کرام کے ناموں پر رکھے۔ مثال کے طور پر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے دو بیٹوں کا نام ابوبکر اور دو کا نام عمر جبکہ دو کا نام عثمان تھا۔ اسی طرح حضرت حسن کے ایک بیٹے کا نام ابوبکر اور ایک کا نام عمر تھا۔

**سوال نمبر 33 |** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرام کو ستاروں اور اہل بیت کو کشتی سے تشبیہ کیوں دی؟

**جواب:** سمندر میں چلتی کشتی اور ستارے ایک دوسرے کے لیے لازم و ملزوم ہیں۔ دونوں میں سے کسی ایک کے بغیر سمندر میں سفر کرنا ممکن نہیں۔ کیونکہ کشتی اگر سمندر میں ڈوبنے سے بچاتی ہے تو ستاروں کے ذریعے راستوں کی پہچان ہوتی ہے منزل مقصود تک پہنچنے کے لیے دونوں کی مدد درکار ہے۔ بالکل اسی طرح صحابہ و اہل بیت دونوں کی محبت منزل مقصود یعنی جنت میں پہنچاتی ہے۔

**سوال نمبر 34 |** صحابہ کی سیرت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت کا ایک حصہ ہے۔ اس جملے کی وضاحت کریں؟

**جواب:** جس طرح شاگردوں کی استعداد سے استاد کی صلاحیت کا پتہ چلتا ہے اسی طرح صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی معطر سیرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت طیبہ کو نکھار کر سامنے لاتی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہر قول و فعل کو صحابہ نے دنیا کے سامنے عملی طور پر پیش کیا ہے اس لیے یہ کہنا بالکل درست ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی سیرت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت کا ایک حصہ ہے۔ جسے بیان کیے بغیر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت نامکمل ہے۔

**سوال نمبر 35 |** حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کون تھے؟

**جواب:** حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ کے بیٹے تھے مسلمانوں کے چھٹے خلیفہ تھے۔

**سوال نمبر 36 |** حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دربار میں ذمہ داریاں تھیں؟

**جواب:** حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دربار میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ وحی کی کتابت کیا کرتے تھے۔ اس کے علاوہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غیر مسلم بادشاہوں اور سرداروں کے نام خطوط لکھوا کر اُن پر مہر نبوت ثبت فرمائی تو ان میں سے اکثر خطوط حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے لکھے گئے۔

**سوال نمبر37** | حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں اسلامی سلطنت کا رقبہ کتنا وسیع ہوا؟

**جواب:** حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں اسلامی سلطنت کا رقبہ 64 لاکھ 65 ہزار مربع میل تک وسیع ہو گیا تھا۔

**سوال نمبر38** | حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا رشتہ داری تھی؟

**جواب:** حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی بہن ام حبیبہ بنت ابوسفیان رضی اللہ عنہا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نکاح میں تھیں۔

**سوال نمبر39** | حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی خاندان اہل بیت سے کیا رشتہ داری تھی؟

**جواب:** حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی خاندان اہل بیت سے بہت قریبی رشتہ داریاں تھیں۔جن میں سے ایک یہ تھی کہ آپ کی حقیقی بھانجی حضرت سیدہ لیلیٰ بنت مرہ کا نکاح سیدنا حسین بن علی رضی اللہ عنہ سے ہوا۔

**سوال نمبر40** | اسلامی بحری بیڑے کا آغاز کس حکمران نے کیا؟

**جواب:** 48ہجری میں امیر المومنین حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے ایک ہزار سات سو بحری جہازوں پر مشتمل ایک دیوہیکل بحری بیڑہ تیار کر کے تاریخ اسلام میں ناقابل فراموش کارنامہ سرانجام دیا۔

**سوال نمبر41** | فتح مکہ کے موقع پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے کیا ارشاد فرمایا؟

**جواب:** حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس موقع پر ارشاد فرمایا۔"خدا کی قسم میرا باپ خطاب اسلام لاتا تو اتنی خوشی نہ ہوتی جتنی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے سے ہوئی۔"

**سوال نمبر42** | حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا ابوطالب کے متعلق کیا ارشاد فرمایا؟

**جواب:** حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے والد حضرت ابوقحافہ اسلام لائے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو مبارک باد دی جس پر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔"یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے اپنے والد کے اسلام لانے سے زیادہ خوشی آپ کے چچا ابوطالب کے اسلام لانے سے ہوتی۔"

**سوال نمبر 43** | حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تنخواہ کیا تھی اور یہ کس کے مشورے پر مقرر کی گئی؟

**جواب:** حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تنخواہ معمولی درجہ کا لباس اور خوراک پر مشتمل تھی۔اور یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی تجویز پر مقرر

کی گئی۔

۞ **سوال نمبر 44 |** حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک دفعہ حضرت حسن و حسین رضی اللہ عنہما کو دیکھ کر غمگین ہو گئے تھے۔اس کی وجہ تحریر کریں؟

**جواب:** ایک دفعہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس یمن کا قیمتی کپڑا لایا گیا۔آپ نے اسے مدینہ والوں میں تقسیم کر دیا اور لوگ یہ کپڑے پہن کر مسجد نبوی میں آئے۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس وقت منبر اور قبر شریف کے پاس بیٹھے تھے۔لوگ آتے اور سلام کرتے گزر جاتے۔حضرت حسن و حسین گھر سے نکلے اور اس حال میں لوگوں کے درمیان سے گزرے کہ ان کے بدن پر پرانے اور موٹے چھوٹے کپڑے تھے۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ یہ دیکھ کر افسردہ ہو گئے۔لوگوں نے پوچھنے پر بتایا کہ ان کے بدن کے مطابق کوئی کپڑا نہ تھا۔چادریں بڑی تھیں جبکہ ان کا قد چھوٹا تھا۔آپ نے فی الفور اہل یمن کو پیغام بھیجا اور حکم دیا کہ جلد از جلد سے حسن و حسین کے لیے دو جوڑے بنا کر بھیجے جائیں۔جب جوڑے مدینہ پہنچے۔اور دونوں بچوں نے نیا لباس زیب تن کیا تو عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو اطمینان نصیب ہوا۔

۞ **سوال نمبر 45 |** اسلامی تاریخ کا آغاز کب اور کس کے مشورے پر ہوا؟

**جواب:** اسلامی تاریخ کا آغاز حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور حکومت میں آپ رضی اللہ عنہ کے حکم سے کیا گیا۔جبکہ ہجرت نبوی سے تاریخ کا آغاز کرنے کی رائے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی تھی۔

موضوع

# 02

# محبت مابین صحابہ کرام رضی اللہ عنہم و اہلبیت

## کثیر الانتخابی سوالات

۞ **سوال نمبر 01** | اللہ تعالیٰ نے کس گروہِ انسانیت کے ایمان کو تمام انسانیت کے لیے معیارِ حق کی کسوٹی قرار دیا؟

■ اولیاء کرام رحمہم اللہ　　■ علماء کرام رحمہم اللہ

☑ **صحابہ کرام رضی اللہ عنہم**　　■ کوئی نہیں

۞ **سوال نمبر 02** | صحابہ کرام نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کس قدر محبت کرتے تھے؟

■ مال سے زیادہ　　■ اپنی جان سے زیادہ

■ اولاد سے زیادہ　　☑ **تمام جہان سے زیادہ**

۞ **سوال نمبر 03** | صحابہ کرام کی رائے کی موافقت میں کتنی آیات نازل ہوئیں؟

■ 20 آیات　　■ 40 آیات　　☑ **کافی تعداد میں**　　■ نازل نہیں ہوئیں

۞ **سوال نمبر 04** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے کس صحابی کا بدلہ لینے کے لیے بیعت رضوان لی؟

■ حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ　　■ حضرت علی رضی اللہ عنہ

☑ **حضرت عثمان رضی اللہ عنہ**　　■ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ

۞ **سوال نمبر 05** | بیعت رضوان میں کتنے صحابہ شریک تھے؟

■ 1200　　☑ **1400**　　■ 1600　　■ 1000

**سوال نمبر06 |** بیعت رضوان میں شامل ہونے والے صحابہ کے متعلق اللہ تعالیٰ نے کیا اعلان فرمایا؟

- ☑ اپنی رضامندی کا
- ■ اپنی ناراضگی کا
- ■ اپنی اطاعت کا
- ■ کچھ نہیں

**سوال نمبر07 |** بئر معونہ میں کتنے صحابہ کرام شہید ہوئے؟

- ■ 20
- ■ 40
- ■ 50
- ☑ 70

**سوال نمبر08 |** نبی اکرم ﷺ کو بئر معونہ کے شہداء کی خبر کیسے پہنچی؟

- ☑ فرشتوں کے ذریعے
- ■ قاصد کے ذریعے
- ■ دونوں کے ذریعے
- ■ خبر نہیں پہنچی

**سوال نمبر09 |** اہم امور میں مشورہ کس سے طلب کیا جاتا ہے؟

- ■ عقلمندوں سے
- ■ اہل رائے اور دوستوں سے
- ■ دشمنوں سے
- ☑ 1 اور 2

**سوال نمبر10 |** اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کو اپنے معاملات میں کس سے مشورہ کرنے کا حکم دیا؟

- ☑ صحابہ کرامؓ سے
- ■ مدینہ کے یہودیوں سے
- ■ عیسائیوں سے
- ■ منافقوں سے

**سوال نمبر11 |** فداک ابی وامی (میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں) نبی اکرم ﷺ نے کس صحابی کے لیے یہ الفاظ ادا کیے؟

- ■ حضرت اُسامہ بن زید رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ
- ☑ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ

**سوال نمبر12 |** اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرامؓ کو بیوقوف کہنے والوں کو کن الفاظ میں جواب دیا؟

- ■ انھیں بیوقوف کہا
- ■ کچھ نہیں کہا
- ■ سخت الفاظ میں
- ☑ 1 اور 3

**سوال نمبر 13** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے۔ میں نے دنیا میں تمام لوگوں کے احسان کا بدلہ چکا دیا ہے مگر...... کے احسانات کا بدلہ اللہ تعالیٰ خود دیں گے۔

- ☑ **حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ**
- ■ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت علی رضی اللہ عنہ

**سوال نمبر 14** | نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے...... کی زبان پر حق جاری فرما دیا۔

- ■ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت حبیب بن زید رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ
- ☑ **حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ**

**سوال نمبر 15** | کیا میں اس شخص سے حیا نہ کروں جس سے فرشتے بھی حیا کرتے ہیں۔ یہ الفاظ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس صحابی کے متعلق ارشاد فرمائے؟

- ☑ **حضرت عثمان رضی اللہ عنہ**
- ■ حضرت عمار رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت بلال رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ

**سوال نمبر 16** | **میں لشکر اسلام کا جھنڈا اس شخص کے ہاتھ میں دوں گا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے اور اللہ اور اس کے رسول اس شخص سے محبت رکھتے ہیں۔ اللہ اس کے ذریعے مسلمانوں کو فتح عطا کرے گا۔** یہ الفاظ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس صحابی کے متعلق ارشاد فرمائے؟

- ■ حضرت نضر بن حارث رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ
- ☑ **حضرت علی رضی اللہ عنہ**
- ■ حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ

**سوال نمبر 17** | اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور خاندان اہل بیت کا ایک دوسرے کے ساتھ کیسا تعلق تھا؟

- ■ رشتے دار تھے
- ■ دوست تھے
- ■ محبت تھی
- ☑ **تمام جوابات درست ہیں**

**سوال نمبر 18** | حضرت عمر رضی اللہ عنہ دورانِ خلافت جب سفر پر روانہ ہوتے تو کس صحابی کو اپنا نائب مقرر کرتے؟

- ☑ **حضرت علی رضی اللہ عنہ**
- ■ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ

**سوال نمبر 19** | حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے دور خلافت میں سب سے زیادہ وظیفہ کس کا مقرر کیا؟

- ■ رشتہ داروں کا
- ■ دوستوں کا
- ■ مجاہدین کا
- ☑ **اہل بیت کا**

**سوال نمبر 20** | حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شہادت نے اسلام میں ایسا خلا پیدا کیا ہے جسے قیامت تک پر نہیں کیا جا سکتا۔ یہ الفاظ کس کے تھے؟

- ■ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ
- ☑ **حضرت علی** رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت حسین رضی اللہ عنہ

**سوال نمبر 21** | حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد آپ رضی اللہ عنہ کے کم سن بیٹے محمد بن ابی بکر کی پرورش کس نے کی؟

- ■ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ
- ☑ **حضرت علی** رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ
- ■ کوئی جواب درست نہیں

**سوال نمبر 22** | حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی کون سی بیٹی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زوجہ محترمہ تھیں؟

- ■ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا
- ☑ **حضرت عائشہ** رضی اللہ عنہا
- ■ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا
- ■ کوئی جواب درست نہیں

**سوال نمبر 23** | حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا جنازہ کس نے پڑھایا تھا؟

- ■ حضرت علی رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت عباس رضی اللہ عنہ
- ☑ **حضرت ابوبکر صدیق** رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت حسن رضی اللہ عنہ

**سوال نمبر 24** | حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا رشتہ داری تھی؟

- ■ چچا زاد بھائی تھے
- ■ ماموں زاد بھائی تھے
- ■ داماد تھے
- ☑ **سسر تھے**

**سوال نمبر 25** | حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کیا رشتہ داری تھی؟

- ■ چچا زاد بھائی تھے
- ■ ماموں زاد بھائی تھے
- ☑ **داماد تھے**
- ■ سسر تھے

**سوال نمبر 26** | ذوالنورین کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

- ☑ **حضرت عثمان** رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت بلال رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت علی رضی اللہ عنہ

**سوال نمبر 27** | حضرت امامہ بنت ابی العاص بن ربیع رضی اللہ عنہا کون تھیں؟

- ■ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نواسی
- ■ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی زوجہ
- ■ حضرت زینب رضی اللہ عنہا کی بیٹی
- ☑ **تمام جوابات درست ہیں**

**سوال نمبر 28** | حضرت علی رضی اللہ عنہ کے کتنے بیٹوں کا نام عمر تھا؟

- ■ ایک
- ☑ **دو**
- ■ تین
- ■ کوئی نہیں

**سوال نمبر 29** | مسلمانوں کے چھٹے خلیفہ کون تھے؟

- ■ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت رضی اللہ عنہ
- ☑ **حضرت امیر معاویہ** رضی اللہ عنہ
- ■ کوئی نہیں

**سوال نمبر 30** | حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں اسلامی سلطنت کا رقبہ کتنا وسیع ہوا؟

- ■ 22لاکھ مربع میل
- ■ 44لاکھ مربع میل
- ☑ **64لاکھ 65ہزار مربع میل**
- ■ 60لاکھ مربع میل

**سوال نمبر 31** | ام المومنین حضرت ام حبیبہ بنت ابی سفیان رضی اللہ عنہا سے حضرت امیر معاو رضی اللہ عنہ کا کیا رشتہ تھا؟

- ☑ **سگے بھائی تھے**
- ■ سوتیلے بھائی تھے
- ■ چچازاد بھائی تھے
- ■ کوئی رشتہ نہیں تھا

**سوال نمبر 32** | حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی زوجہ محترمہ سیدہ لیلیٰ بنت مرۃ کن کی بھانجی تھیں؟

- ■ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ
- ☑ **حضرت امیر معاویہ** رضی اللہ عنہ
- ■ کسی کی نہیں

**سوال نمبر33** | اسلامی بحری بیڑے کا آغاز کس کے دور حکومت میں ہوا؟

- ■ حضرت عمر رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ
- ☑ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ
- ■ ولید بن عبد الملک

**سوال نمبر 34** | حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے نکاح کے موقع پر کن لوگوں نے مالی تعاون پیش کیا؟

- ☑ حضرت ابوبکر اور عثمان رضی اللہ عنہما
- ■ حضرت عباس اور عمر رضی اللہ عنہما
- ■ حضرت سعد اور سعید رضی اللہ عنہما
- ■ کوئی نہیں

**سوال نمبر35** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اکثر بادشاہوں کے نام خطوط کن سے لکھوایا کرتے تھے؟

- ■ حضرت زبیر بن ثابت رضی اللہ عنہ
- ☑ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ

# حوالہ جات

موضوع 1

## تحریک ختم نبوت

- تحریک ختم نبوت منزل بہ منزل | حضرت خواجہ خان محمد صاحبؒ

موضوع 2

## محبت مابین صحابہ و اہل بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین

- مقام صحابہ | مفتی شفیع صاحب
- رحماء بینھم | مولانا نافع صاحب
- حیاۃ صحابہ | مولانا الیاس کاندھلوی رحمہ اللہ

## Lesson Plan for Grade 7 (4th Edition)

**Distribution for 1st Term** (Week 1-10 = 2 1/2 Months)
**Total no. of days per week =** 1 (30 Min).

| Week | Chapter | Qustions | Duration |
|---|---|---|---|
| 1 | 1 | 01-09 | 1st Month |
| 2 | 1 | 10-18 | 1st Month |
| 3 | 1 | 19-27 | 1st Month |
| 4 | 1 | 28-36 | 1st Month |
| 5 | 1 | 37-45 | 2nd Month |
| 6 | 1 | Revision | 2nd Month |
| 7 | 1 | Revision | 2nd Month |
| 8 | 1 | Revision | 2nd Month |
| 9 | 2 | Quiz | 3rd Month |
| 10 | 2 | Quiz | 3rd Month |

**Distribution for 2nd Term** (Week 1-10 = 2 1/2 Months)
**Total no. of days per week =** 1 (30 Min).

| Week | Chapter | Questions | Duration |
|---|---|---|---|
| 1 | 3 | 01-10 | 1st Month |
| 2 | 3 | 11-20 | 1st Month |
| 3 | 3 | 21-30 | 1st Month |
| 4 | 3 | 31-40 | 1st Month |
| 5 | 3 | 41-48 | 2nd Month |
| 6 | 3 | Revision | 2nd Month |
| 7 | 3 | Revision | 2nd Month |
| 8 | 3 | Revision | 2nd Month |
| 9 | 4 | Quiz | 3rd Month |
| 10 | 4 | Quiz | 3rd Month |